7 اکتوبر 2010ء

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# عنوان: معاہدہ مابین حکومت پاکستان اور اتحاد تنظیمات مدارس پاکستان

حکومت پاکستان چاہتی ہے کہ دینی مدارس کے طلبہ کو تمام شعبہ ہائے حیات میں مناسب مواقع ملنے چاہییں۔ اس مقصد کو حاصل کرنے کے لیے حکومت پاکستان اور اتحاد تنظیمات مدارس پاکستان کے درمیان آج مورخہ 07 اکتوبر 2010 کو حسب ذیل نکات پر اتفاق ہوا:

۱۔ اتحاد تنظیمات مدارس کی قیادت نے اس امر پر اتفاق کیا کہ میٹرک (مساوی ثانویہ عامہ) اور انٹرمیڈیٹ (مساوی ثانویہ خاصہ) کے نصاب میں لازمی عصری مضامین کو شامل کریں گے۔

۲۔ اتحاد تنظیمات مدارس میں شامل پانچوں بورڈز اپنا دینی نصاب طے کرنے میں آزاد اور خود مختار ہوں گے اور لازمی عصری مضامین حکومت پاکستان کے مجوزہ نصاب کے مطابق ہوں گے۔

۳۔ اتحاد تنظیمات مدارس کے پانچوں رکن بورڈز کو پاکستان میں قائم دیگر تعلیمی بورڈز کی طرح ایکٹ آف پارلیمنٹ / ایگزیکٹو آرڈر کے ذریعے باضابطہ قانونی حیثیت دی جائے گی۔

۴۔ پانچوں بورڈز کو حکومت کی جانب سے قانونی حیثیت ملنے کے بعد ان کا رابطہ وزارت تعلیم سے ہوگا۔

۵۔ عصری مضامین کی تعلیم اور امتحانات کے معیار میں یکسانیت پیدا کرنے کے لئے ہر بورڈ کی مجلس نصاب میں حکومت اپنے دو نمائندے نامزد کرے گی۔

۶۔ حکومت مدارس کے بارے میں کوئی بھی معلومات حاصل کرنے کے لئے ان پانچوں بورڈز سے رابطہ کرے گی۔ اگر حکومت کو کسی مدرسے کے خلاف شکایت ہو تو کسی بھی کاروائی سے پہلے متعلقہ بورڈ کی قیادت کو اعتماد میں لے گی۔

۷۔ کوئی مدرسہ ایسی تعلیم نہیں دے گا اور نہ ہی ایسا مواد شائع کرے گا جس سے عسکریت اور فرقہ واریت کو فروغ ملے۔ ہر مدرسہ آرڈی نینس نمبر XIX مجریہ 2005 ترمیم شدہ سوسائٹیز ایکٹ 1860 کی پابندی کرے گا لیکن اس ایکٹ کے تحت مختلف ادیان یا مسالک و مذاہب کی تقابلی تعلیم یا قرآن و سنت اور فقہ و اصول فقہ کے مضامین کی تدریس پر کوئی پابندی عائد نہیں ہوگی۔

۸۔ معیار تعلیم، نصاب تعلیم اور معیار امتحان میں یکسانیت کو یقینی بنانے کے لئے حکومت پاکستان اور اتحاد تنظیمات مدارس کے مابین مشاورت اور اتفاق رائے سے "ادارہ" کا قیام عمل میں آئے گا جس کی ہیئت، دائرہ کار اور نام طے کرنے کا عمل آج سے تیس دن

کے اندر مکمل کیا جائے گا (انشاءاللہ)۔

۹۔ پارلیمنٹ کے ایکٹ کا مسودہ اتحاد تنظیمات مدارس پاکستان کی مشاورت اور اتفاق رائے سے طے پائے گا۔ اور اس میں کوئی بھی تبدیلی باہمی اتفاق رائے سے ہی کی جائے گی۔

۱۰۔ غیر ملکی طلبہ کی رجسٹریشن وزارت داخلہ کے ذریعے کی جائے گی۔

مفتی منیب الرحمان
جنرل سیکرٹری
اتحاد تنظیمات مدارس، پاکستان
صدر تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان

قاری محمد حنیف جالندھری
جنرل سیکرٹری
وفاق المدارس العربیہ پاکستان

ڈاکٹر یٰسین ظفر
ڈپٹی جنرل سیکرٹری
وفاق المدارس السّلفیہ پاکستان

مولانا عبدالمالک
صدر
رابطۃ المدارس الاسلامیہ پاکستان

مولانا قاضی نیاز حسین نقوی
سینئر نائب صدر
وفاق المدارس الشیعہ پاکستان

قمر زمان چوہدری
سیکریٹری داخلہ

Shahid Hamid
شاہد حامد
ایڈیشنل سیکریٹری داخلہ

سینیٹر اے۔ رحمان ملک
وفاقی وزیر داخلہ

اسلام آباد
07 اکتوبر 2010

7-10-010

## AGREEMENT BETWEEN GOVERNMENT OF PAKISTAN AND ITTEHAD-E-TANZEEMATE-MADARIS PAKISTAN (ITMP)

The Government of Pakistan sincerely wants that the students coming out of Deeni Madaris should get equal opportunities in all walks of life. For achieving this goal, an agreement is hereby made between Government of Pakistan and ITMP on this 7th day of October 2010. Both parties have agreed on the following points:-

1. The leadership of ITMP agreed to include compulsory contemporary subjects in Curricula of Matric (equivalent to Sanvia Amma) and Intermediate (equivalent to Sanvia Khassa).

2. All five Boards in ITMP will be independent to design the contents of religious education and compulsory subjects will be in accordance with syllabus prescribed by the Government.

3. Five Boards of ITMP shall be recognized like other Boards through Act of Parliament/Executive Order.

4. After extension of legal recognition the five Boards of ITMP would be linked with Ministry of Education.

5. In order to achieve uniformity and standard of education and examination Government will appoint two nominees on each of the five ITMP Boards curriculum committee.

6. Government desiring to obtain any information about Madaris shall approach ITMP/Member Board. Any complaint against any Madarsah shall not be acted upon without taking concerned ITMP Board in confidence.

7. No Madrassa shall teach or publish any literature which promotes militancy or spreads sectarianism. Every Madrassa shall abide by the Societies Registration Act of 1860 as amended by Ordinance XIX of 2005, provided

that nothing contained herein shall bar the comparative study of various religions or schools of thought or the study of any other subject covered by the Holy Quran, Sunnah or the Islamic jurisprudence.

8. In order to ensure standard of education, uniformity of curricula and standard of examination a "Regulatory Body" shall be established in consultation between ITMP and the Government. The deliberations to establish the proposed body along with its name shall be concluded within 30 days from today.

9. Foreign Students registration will be regulated through Ministry of Interior.

10. The draft of the Act of Parliament will be in consultation with ITMP and any change will take effect with consensus.

**Mufti Munib-ur-Rehman,**
General Secretary,
Ittehad Tanzeemat-e-Madaris,
Pakistan/President Tanzeem-ul-Midaris ahle Sunnat Pakistan

**Qari Muhammad Hanif Jalandhri,**
General Secretary,
Wifaq-ul-Madaris-al-Arabia,
Pakistan

**Dr. Yasin Zafar,**
:puty General Secretary,
'ifaq-ul-Madris Al-Salfia,
Pakistan

**Maulana Abdul Malik,**
President,
Rabita-tul-Madaris-ul-Islamia,
Pakistan

**Maulana Niyaz Hussain Naqvi,**
Senior Vice President,
Wafaq-ul-Madris Al-Shia,
Pakistan

7/x/0x

**Qamar Zaman Ch.**
Secretary Interior

Shahid Hamid

**Shahid Hamid**
Additional Secretary, MoI

**(Senator A. Rehman Malik)**
Minister for Interior